اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَمُ عَلٰی سَیِّدِ المُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# فہرست


| نمبر شمار | مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز | صفحات نمبر | کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے؟ |
|---|---|---|---|
| 1 | مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات | 1تا 3 | ذیلی تا عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ داران |
| 2 | ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو updateکرنے والے مدنی پھول | 4 | ذیلی تا عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ داران |
| 3 | مدنی پھول برائے اجتماع دعائے حاجات سے متعلق عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار کے مدنی کام | 5 | عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار |
| 4 | ہفتہ دعائے حاجات سے متعلق ترغیبی اعلان | 6 | ذیلی تا علاقائی مجلسِ مشاورت ذمہ داران |
| 5 | " اجتماع دعائے حاجات سے متعلق تشہیری پمفلٹ" | 7 | ذمہ دار عالمی مجلس مشاورت، مجلسِ رابطہ ذمہ دار (علاقہ سطح)، ذمہ دار شعبہ تعلیم (علاقہ سطح)، تعویذاتِ عطاریہ کی بستہ ذمہ دار، مدرستہ المدینہ (بالغات) (علاقہ سطح)، و علاقے کے تحت چلنے والے مدرستہ المدینہ (للبنات) ذمہ دار (علاقہ سطح)، |





| نمبر شمار | مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز | صفحات نمبر | کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے؟ |
|---|---|---|---|
| 6 | جدول برائے اجتماع دعائے حاجات | 8 | ذیلی تا علاقائی مجلس مشاورت ذمہ داران |
| 7 | قبولیت دعا مع دعا مانگنے کا طریقہ | 9 تا 16 | ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران |
| 8 | متفرق روحانی علاج | 17 | ذیلی تا علاقائی مجلس مشاورت ذمہ داران |
| 9 | اجتماع دعائے حاجات والے دن کے اعلانات | 18 | ذیلی تا علاقائی مجلس مشاورت ذمہ داران |
| 10 | پریشان حالوں کے لیے دعائیہ اشعار | 19 | ذیلی تا علاقائی مجلس مشاورت ذمہ داران |

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے
پئے شاہِ مدینہ دور ہوں رنج والم مولیٰ (وسائل بخشش 99)

**خیر خواہی، عیادت اور غمگساری سے اسلام پھیلا ہے، اسے اپنی عادت بنالیجئے۔"**

الحمد للہ عَزَّوَجَلَّ "امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا معافی مانگنے اور اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرنے والا انداز ہے۔ اسلامی بہنیں بھی معافی مانگنے اور دلجوئی کرنے والا انداز اختیار کریں" (6 تا 9 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

پیاری پیاری اور میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! آقا صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کی دکھیاری امت کی غمخواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں (مثلاً: اولاد کی نا فرمانی، تنگدستی، جادو و اثرات، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقی) میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لیے **ہفتہ دعائے حاجات** منایا جارہا ہے جس میں مذکورہ آزمائشوں میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لئے جمادی الاول کے پہلے ہفتے 16 تا 22 جنوری بدھ تا منگل خصوصیت کے ساتھ دعاؤں کا سلسلہ ہو گا۔ان شآء اللہ عزوجل جہاں جہاں اجتماع ماہانہ ہوتا ہے وہ اپنے مقررہ دن میں ہی اجتماع کی ترکیب بنائیں۔

آیئے! نیت کر لیتے ہیں کہ ہفتہ **دعائے حاجات** کے مدنی کاموں میں نہ صرف خود حصہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس مدنی کام کی ترغیب دلائیں گے۔ان شآءاللہ عزوجل

یاد رہے کہ "**مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے**" (شوریٰ و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

﴿1﴾ مدنی پھول برائے" **ہفتہ دعائے حاجات**" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ:

a) مدنی مشورے کا دورانیہ 2 گھنٹے ہو گا۔

b) مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔(بہتر ہے کہ ترکیب معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں ہی بنالی جائے)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران اور کابینہ ذمہ داران براہِ راست علاقائی مشاورت ذمہ دار کو (شرعی سفر ہونے کی صورت میں بذریعہ فون) اور علاقائی مشاورت ذمہ داران حلقہ و ذیلی حلقہ مشاورت ذمہ داران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز سمجھائیں تو اس کا دورانیہ 2 گھنٹے ہو۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ آئندہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر اور انڈر لائن کے ذریعے واضح کر دیا جائے گا۔

☆ ہر سطح کی مشاورت ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو "مدنی پھول برائے **ہفتہ دعائے حاجات**" صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔

﴿3﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو " **ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والے مدنی پھول ہفتہ دعائے حاجات**" post/mail کروادیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار **مدنی پھول برائے اجتماع دعائے حاجات سے متعلق عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کے مدنی کام** کے مطابق ترکیب بنالیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿5﴾ عطاری رضوی اور مصری زون کی ذمہ دار اسلامی بہنیں ماہِ ربیع الآخر کے آخری دنوں میں دعائے حاجات اجتماع سے متعلقہ کتب ورسائل (اس کا ذکر آگے آرہا ہے) جتنی تعداد میں ضرورت ہو اس نمبر 0321-3364583 پر آرڈر بُک کروائیں جبکہ عطاری رضوی اور مصری زون کے علاوہ پاکستان کی دیگر زون ذمہ داران اس نمبر 0311-2526020 پر رابطہ فرمائیں۔اور بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں اپنے ملکی کابینہ کے نگران کے ذریعے ترکیب بنائیں یا پھر اس ای میل I.D پر رابطہ کریں۔ maktaba.ibn@dawateislami.net

# ہفتہ دعائے حاجات کی ترکیب

﴿1﴾ ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ اسلامی بہنوں کی بِتکلُّف (بِ-تَ-کَل-لُف) خیر خواہی کرے، یہاں تک کہ یہ اس کی عادت بن جائے۔"بغیر کام کے کبھی کبھار مزاج پُرسی کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے رابطہ کر لیا جائے۔ جو رابطے میں نہیں رہا، اُسے کال کر کے حال احوال پوچھ لیا کریں۔" (6 تا 9 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿2﴾ اراکینِ عالمی مجلس مشاورت مع مجلس بیرونِ ملک اپنے اپنے ملکوں / شعبوں سے وابستہ بیرونِ ملک کی ذمہ داران (جو مصیبتوں میں گھری ہوں) کی بذریعہ اسکائپ/ whatsapp غم خواری (ان کی سہولت کو پیشِ نظر رکھ کر) کی ترکیب بنائیں۔

﴿3﴾ "ہر ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ روزانہ اسلامی بہنوں کی غم خواری، حوصلہ افزائی اور عیادت کے لیے فون یا میسج (Sms) کی ترکیب بنائے۔" (3 تا 6 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿4﴾ جمادی الاول کے پہلے ہفتے 16 جنوری تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور ماہانہ ڈویژن مدنی حلقے میں "**ہفتہ دعائے حاجات سے متعلق ترغیبی اعلان**" بھی معمول کے اعلانات میں شامل کر لیا جائے۔
(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جنوری میں ہونے والے "ماہانہ ڈویژن مدنی حلقے" میں بھی پریشان حالوں کے لیے دعائیں مانگی جائیں۔

﴿5﴾ جمادی الاول کے پہلے ہفتے (9 تا 16 جنوری) علاقہ ذمہ دار "**دعائے حاجات اجتماع سے متعلق تشہیری پمفلٹ**" مجلسِ رابطہ ذمہ دار (علاقہ سطح) کے ذریعے شخصیات کو، ذمہ دار شعبہ تعلیم (علاقہ سطح) کے ذریعے تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات کو، ڈویژن ذمہ دار تعویذاتِ عطاریہ کی بستہ ذمہ داران کے ذریعے تعویذات کے بستوں پر علاقہ سطح، ذمہ دار مدرسۃ المدینہ (بالغات) وعلاقے کے تحت چلنے والے مدرسۃ المدینہ (للبنات) علاقہ ذمہ دار کے ذریعے مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں پڑھنے والیوں اور مدنی منیوں کی والدہ اور باجی وغیرہ کو بھیجا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنیں دعائے حاجات اجتماع میں شرکت کر سکیں۔

☆ مجلس رابطہ و شعبہ تعلیم سے وابستہ شخصیات کو اس پمفلٹ کی Image بھی سینڈ کی جاسکتی ہے اور ان شخصیات کو بالمشافہ خوبصورت رنگین کارڈ / رنگین پیپر کو لفافے میں ڈال کر پیش کر سکتے ہیں (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جمادی الاول کے پہلے ہفتے (16 تا 22 جنوری) مدنی دورے میں اور انفرادی کوشش کے ذریعے "دعائے حاجات اجتماع" میں شرکت کی دعوت دی جائے۔

﴿6﴾ جمادی الاول (16 جنوری) تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں "**جدول برائے دعائے حاجات اجتماع**"، **قبولیت دعا مع دعا مانگنے کا طریقہ متفرق روحانی علاج**، **دعائے حاجات اجتماع والے دن کے اعلانات اور پریشان حالوں کے لیے دعائیہ اشعار** کے مطابق ترکیب بنائی جائے۔ (یہ تمام پیپر زریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ جن زون میں ممکن ہو وہاں شعبہ فیضانِ مرشد کے علاقوں میں "دعائے حاجات اجتماع" کی ترکیب نگرانِ مجلسِ فیضانِ مرشد کی اجازت سے بنائی جائے۔

﴿7﴾ ممکنہ صورت میں دعائے حاجات اجتماع میں "دعائے حاجات اجتماع" کا بینر بھی لگایا جائے۔

**بینر کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں:**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**دعائے حاجات اجتماع**

﴿8﴾ "**دعائے حاجات اجتماع**" میں درج ذیل کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ (للبنات) پر زیادہ تعداد میں رکھے جائیں اور زیادہ سے زیادہ تقسیم رسائل کی ترکیب بھی بنائی جائے۔

**کتب و رسائل:** ☆ مدنی پنجسورہ ☆ گھریلو علاج ☆ تنگدستی اور اس کے اسباب، ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب ☆ چڑیا اور اندھا سانپ ☆ زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆ بیمار عابد ☆ 40 روحانی علاج ☆ مینڈک سوار بچھو ☆ یہ وقت بھی گزر جائے گا۔ آدابِ دعا، خودکشی کا علاج۔

﴿9﴾ "**دعائے حاجات اجتماع**" میں علاقے کی بہترین مبلغات اور حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ مشاورتوں کے بیان کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿10﴾ "**دعائے حاجات اجتماع**" میں مدنی عطیات بکس نمایاں جگہ پر رکھا جائے۔

﴿11﴾ دعائے حاجات اجتماع میں ممکنہ صورت میں اجازت یافتہ اسلامی بہنوں کے ذریعے تعویذات کا بستہ لگایا جائے وہاں ایک ہفتہ قبل اعلان کیا جائے کہ اجتماع 2:30 سے 4:30 اور پنجاب وغیرہ میں 2 سے 4 ہو گا۔

☆ تعویذات عطاریہ کا بستہ 1 گھنٹے کا لگایا جائے جہاں تعویذات عطاریہ کا بستہ لگنا ممکن ہو وہاں اعلان کر دیا جائے (ایک ہفتے قبل) کہ مخصوص تعداد میں اجتماع سے قبل ٹوکن دینے جائیں گے اور اجتماع کے بعد صرف 63 منٹ کے لئے مشکلات اور پریشان دور ہو اس کے لئے تعویذات عطاریہ کے بستے پر تعویذات دیے جائیں گے۔

﴿12﴾ جہاں شرکاء اجتماع کی تعداد 63 متوقع ہو وہاں مجلس حفاظتی امور مقرر کی جائیں۔

☆ شرکاء کی کثیر تعداد کی توقع ہونے پر صرف اسی دن کے لیے اجتماع تقسیم کر دیا جائے اور تقسیم شدہ اجتماع کو اول تا آخر سنبھالنے کے انتظامات بھی پہلے سے کر لئے جائیں (یاد رہے! تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں مائیک استعمال کرنے کی اجازت نہیں)۔

﴿13﴾ دعائے حاجات اجتماع میں اجتماع کے ابتدا میں "**متفرق روحانی علاج**" کا پیپر حسبِ ضرورت فوٹو کاپی کروا کر آنے والی اسلامی بہنوں کو ابتدا میں دیا جائے۔

## پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ: "**پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے**"

(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴿1﴾ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران "**مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات**" میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہو سکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھولوں سے متعلق پوچھ گچھ follow up ضرور فرمالیں تاکہ مدنی کام میں کمزوری نہ رہے۔

﴿2﴾ ہر سطح کی مجلس مشاورت ذمہ دار اپنی ماتحت ذمہ داران اسلامی بہنوں سے رجب المرجب میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

﴿3﴾ "**مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات**" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿4﴾ "**مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات اجتماع**" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿5﴾ ملک ذمہ دار/زون ذمہ دار/کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴿6﴾ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی کابینہ کے نگران اور متعلقہ ممالک ذمہ دار کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جا سکتی ہے۔

**Updated Date: Dec 2018**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ہرسطح کی شعبہ مشاورتوں کو up date کرنے والے مدنی پھول

زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے
پئے شاہِ مدینہ دور ہوں رنج والم مولیٰ (وسائل بخشش ص99)

## الحمد للّٰہ عزوجل !

"خیر خواہی، عیادت اور غمگساری سے اسلام پھیلا ہے، اِسے اپنی عادت بنالیجئے" الحمد للّٰہ عزوجل ! امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا معافی مانگنے اور اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرنے والا انداز ہے۔ اسلامی بہنیں بھی معافی مانگنے اور دلجوئی والا انداز اختیار کریں"۔(6تا9اگست2016ء شوری کا مدنی مشورہ)

آقا صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کی دکھیاری امت کی غمخواری اور دلجوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں مثلاً (اولاد کی نافرمانی، تنگ دستی، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقیوں وغیرہ) میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے جمادی الاول کے پہلے ہفتے (16 تا 22 جنوری) خصوصیت کے ساتھ دعاؤں کا سلسلہ ہوگا۔ ان شآء اللہ عزوجل **ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں** نیت فرمالیں کہ اجتماعِ دعائے حاجات کے مدنی کاموں میں نہ صرف خود حصہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں گے۔ ان شآء اللہ عزوجل

☆ اراکین عالمی مجلس مشاورت مع مجلس بیرون ملک اپنے اپنے ملکوں / شعبوں سے وابستہ بیرونِ ملک ذمہ داران (جو مصیبتوں میں گھری ہو) کی بذریعہ اسکائپ / whatsapp غم خواری (ان کی سہولت کو پیشِ نظر رکھ کر) ترکیب بنائیں۔

"ذمہ داران کو چاہیئے کہ وہ اسلامی بہنوں کی بتکلف خیر خواہی اور غمخواری کرے یہاں تک کہ یہ اس کی عادت بن جائے"۔ "بغیر کام کے بھی کبھی کبھار مزاج پُرسی کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے رابطہ کر لیا جائے جو رابطے میں نہیں رہا اسے کال کر کے حال احوال پوچھ لیا کریں۔ (6تا9اگست2016ء شوری کا مدنی مشورہ)

﴿1﴾ جمادی الاول کے پہلے ہفتے (16 تا22 جنوری) "**اجتماع دعائے حاجات سے متعلق تشہیری پمفلٹ**" علاقہ ذمہ دار مجلسِ رابطہ ذمہ دار (علاقہ سطح) کے ذریعے شخصیات کو، ذمہ دار شعبہ تعلیم (علاقہ سطح) کے ذریعے تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات کو، ڈویژن ذمہ دار تعویذاتِ عطاریہ کی بستہ ذمہ داران کے ذریعے تعویذات کے بستوں پر علاقہ ذمہ دار مدرستہ المدینہ (بالغات) ذمہ دار اور علاقے کے تحت چلنے والے مدرستہ المدینہ (للبنات) ذمہ دار کے ذریعے مدرستہ المدینہ (بالغات) میں پڑھنے والیوں اور مدنی منیوں کی والدہ اور باجی وغیرہ کو بھیجا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنیں اجتماعِ دعائے حاجات میں شرکت کر سکیں۔

☆ مجلسِ رابطہ و شعبہ تعلیم سے وابستہ شخصیات کو اس پمفلٹ کی Image بھی سینڈ کی جاسکتی ہے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ جمادی الاول کے پہلے ہفتے (16 تا22 جنوری) مدنی دورہ میں اور انفرادی کوشش کے ذریعے "اجتماع دعائے حاجات" میں شرکت کی دعوت دی جائے۔

**عالمی مجلسِ مشاورت**
**(دعوتِ اسلامی)**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مدنی پھول برائے اجتماع دعائے حاجات سے متعلق عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار کے مدنی کام

## اجتماع دعائے حاجات کی تشہیر سے متعلق:

1. عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار نے ربیع الآخر کے تیسرے ہفتے " دعائے حاجات اجتماع سے **متعلق** تشہیری پمفلٹ" نگران **مجلس** معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکن شوری) کو درج ذیل الفاظ کے ساتھ میل کروایا۔

(a) "اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر upload کروا دیجئے"۔

(b) مدنی چینل پر اس کے مطابق تشہیر کی ترکیب ہو جائے۔ (یہ پیپر ریکاڈر فائل میں موجود ہے)

2. عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار جمادی الآخر کے مدنی مشوروں میں " ہفتہ دعائے حاجات اجتماع" سے **متعلق** follow up کی ترکیب بناتی ہیں.

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# دعائے حاجات اجتماع سے متعلق ترغیبی اعلان

**مدنی پھول:** ماہ جمادی الاول کے پہلے ہفتے (9 جنوری) ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع وماہانہ ڈویژن مدنی حلقے (جب ڈویژن مدنی حلقے میں یہ اعلان کیا جائے تو یہ نہ کہا جائے کہ اس مقام پر ہو گا) میں معمول کے اعلانات کے دورانیہ میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات شامل کئے جائیں:

**پیاری پیاری اور میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!**

آقا صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کی دکھیاری امت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں ( مثلا: اولاد کی نا فرمانی، تنگدستی، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقی) گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لیے خوشخبری ہے کہ الحمد للہ آفتوں ،مصیبتوں کے دور ہونے اور مشکلات کے حل کے لئے آیندہ ہفتے (16 جنوری) اسی جگہ ،اسی مقام ،اسی وقت پر اجتماع دعائے حاجات ہو گا۔ جس میں جمادی آلاخر کے تیسرے ہفتے خصوصیت کے ساتھ دعاؤں کا سلسلہ ہو گا۔ ان شآء اللہ عزوجل

رسول پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر
مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ (وسائل بخشش ص99)

اس اجتماع کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں دعا مانگنے کے فضائل، دعا کب اور کہاں قبول ہوتی ہے۔۔؟، دعائیں کیوں قبول نہیں ہوتیں؟، اس کے حوالے سے روایات وحکایات اور بہت کچھ۔۔۔

اس کے علاوہ مختلف پریشانیوں کے حل کے روحانی علاج نہ صرف بیان کئے جائیں گے بلکہ یاد کروانے کے ساتھ ساتھ آخر میں یہ پیپر تقسیم بھی کئے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ یَا قَادِرُ کا ورد بھی کروایا جائے گا۔ آپ میں سے جس سے ہو سکے آئندہ ہفتے اجتماع میں اپنے ساتھ تسبیح یا کاؤنٹر لائیں۔

ان شآء اللہ عزوجل دنیا میں جہاں کہیں مسلمان پریشان ہیں ان کے لئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی آیئے نیت کرتے ہیں کہ وقت کی پابندی کے ساتھ ضرور بہ ضرور اس اجتماع دعائے حاجات میں شرکت کریں گے اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی دعوت دے کر اپنے ساتھ لائیں گے۔ ان شآء اللہ عزوجل اجتماع دعائے حاجات کی برکتوں سے متعلق مدنی بہار سماعت فرمائیں۔

## مدنی بہار:

ایک اسلامی بہن کا حلفیہ بیان ہے کہ " میں جامعۃ المدینہ فیضِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں فیضانِ شریعت کورس کی طالبہ ہوں میری بہن کی ٹانگ میں بہت تکلیف رہتی ہے اور وہ اس تکلیف کی وجہ سے چل بھی نہیں سکتیں جب ہمیں معلوم ہوا کہ جامعۃ المدینہ میں مصیبتوں اور پریشانیوں کے حل کے لیے خاص اجتماع منعقد ہو رہا ہے تو ہم بھی اس اجتماع میں شریک ہوئے میں نے اور میری امی نے میری بہن کی بیماری سے نجات کے لیے دعا کی الحمد للہ عزوجل اس اجتماع میں شرکت اور دعا کی برکت سے میری بہن کی ٹانگوں کی تکلیف میں بہت کمی ہوئی اور ان کا کہنا ہے کہ روز بہ روز تکلیف میں بہت کمی ہے میری والدہ کا ذہن بنا ہے کہ وہ ہر ہفتے اجتماع میں شرکت کیا کریں گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# اجتماع دعائے حاجات سے متعلق تشہیری پمفلٹ

زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے

پئے شاہ مدینہ دور ہوں رنج والم مولیٰ (وسائل بخشش ص99)

## خوشخبری!

الحمد للہ عزوجل آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری امت کی غمخواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں ( مثلاً: اولاد کی نافرمانی، تنگ دستی، بیٹیوں کے رشتے میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقی ) میں گِھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لئے ذیلی سطح پر

## "اجتماع دعائے حاجات"

جمادی الاول کے پہلے ہفتے (16 تا 22 جنوری) منعقد کیا جارہا ہے۔ اسلامی بہنیں اپنے ذیلی حلقے میں ہونے والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع والے دن اس وقت اور اسی مقام پر ہونے والے دعائے حاجات اجتماع میں ضرور شرکت فرمائیں

## اجتماع کی خصوصیات

قبولیت دعا مع دعا مانگنے کا طریقہ کے موضوع پر بیان

* متعدّد روحانی علاج

* اجتماعی طور پر 41 بار یَا قَادِرُ کا ورد

* پریشان حالوں کے لئے خصوصی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

☆ پچھلے ہفتے تعداد شرکاء____________

# جدول برائے دعائے حاجات اجتماع

اس ہفتے تعداد شرکاء____________

| نمبر شمار | شعبہ | دورانیہ | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 1 | **تلاوت** | 2 منٹ | درست تجوید کی حامل اسلامی بہن |
| 2 | **نعت شریف** | 4 منٹ | ---------- |
| 3 | **درس** | 7 منٹ | معمول کے مطابق جو موضوع ہو وہی کیا جائے۔ |
| 4 | **متفرق رُوحانی علاج یاد کروانا** | 8 منٹ | معمول کے مطابق" دعا یاد کروانا" کی جگہ " **متفرق روحانی علاج** " کی مدد سے روحانی علاج یاد کروایا جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)<br>☆ پھر معمول کے مطابق اعلانات میں روحانی علاج نہ بتایا جائے. |
| 5 | **بیان مع سنت اور اعلانات** | 63 منٹ | بیان کا موضوع: قبولیت دعا مع دعا مانگنے کا طریقہ بیان ریکارڈ فائل میں موجود ہے)<br>"**دعائے حاجات اجتماع**"**والے دن کے اعلانات**" معمول کے اعلانات میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے ترکیب بنائی جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) |
| 6 | **درودِ پاک** | 6 منٹ | ------- |
| 7 | **ذکر، 41 بار "یَاقَادِرُ" کاورد** | 5 منٹ | ☆ ذکر کے بعد درج ذیل الفاظ بیان کئے جائیں: پیاری اور میٹھی اسلامی بہنو! اب 41 بار"**یَاقَادِرُ کاورد**" کروایا جائے گا، جن اسلامی بہنوں کے پاس تسبیح یا کاؤنٹر ہو وہ نکال لیں اور جن کے پاس نہیں وہ اپنی انگلیوں پر ہی شمار کر لیں۔☆ تمام اسلامی بہنیں اول و آخر تین، تین بار درود شریف کے ساتھ آہستہ آواز میں مل کر 41 بار**یَاقَادِرُ** کاورد" کریں **مخصوص ایام میں بھی کرسکتے ہیں اور اس کو** اس نیت کے ساتھ پڑھیں کہ **اللہ تعالی** اپنے اس مبارک نام کی برکت سے ہماری اور تمام مسلمانوں کی مصیبتوں اور مشکلات کو دور فرمائے۔**یَاقَادِرُ** کی فضیلت میں آتا ہے کہ اگر مشکل آپڑے تو 41 بار پڑھے ان شآءَ اللہ مشکل آسان ہو گی (رسالہ 40 روحانی علاج ص 8) ( ذمہ دار اسلامی بہن (جو ذکر کے بعد "**یَاقَادِرُ** پڑھیں گی) وہ اپنی رفتار کم رکھے تاکہ تمام اسلامی بہنیں پڑھ لیں) |
| 8 | **مناجات** | 3 منٹ | جب اسلامی بہنیں "**یَاقَادِرُ** " کے ورد سے فارغ ہو جائیں تو پھر شجرہ شریف کے منظوم چند اشعار دورانیہ کالحاظ رکھتے ہوئے طرز کے ساتھ پڑھے جائیں<br>(**یاالٰہی رحم فرما مصطفٰے صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کے واسطے**) |
| 9 | **دعا** | 15 منٹ | دعا میں "**پریشان حالوں کے لئے دُعائیہ اشعار**" میں سے چند اشعار ( بغیر طرز کے) حسبِ موقع پڑھے جائیں۔☆ بہتر ہے کہ جو اشعار پڑھنے ہوں وہ زبانی یاد کر لئے جائیں۔( یاد رہے! اشعار کو مؤنث میں نہیں کرسکتے مِنْ و عَنْ ہی پڑھے جائیں) ( یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) |
| 10 | **صلوٰۃ وسلام** | 04 منٹ | ---------- |
| 11 | **مجلس کے اختتام کی دعا** | 03 منٹ | ---------- |
| | **کل دورانیہ** | | 120 منٹ (دو گھنٹے) |

**مدنی پھول**: ☆ اجتماع کے شروع میں " متفرق روحانی علاج" کا پیپر دروازے پر آنے والی اسلامی بہنوں کو دیا جاتا ہے "۔☆ " **مدنی پھول برائے دعائے حاجات اجتماع**" میں خصوصیت کے ساتھ جن کتب و رسائل کا تذکرہ ہو مذکورہ کتب و رسائل تقسیم کئے جائیں۔

# قبولیت دعا مع دعا مانگنے کا طریقہ

﴿مبلغہ بیان کو 3 بار اچھی طرح پڑھ لیں اور دورانیے کو پیشِ نظر رکھ کر کیا جائے۔﴾

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَ اَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَ اَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللّٰہ

## دُرُود شریف کی فضلیت

دعوت اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی 419 صفحات پر مشتمل کتاب "مدنی پنج سورہ" صفحہ 394 پر شیخ طریقت امیر اہلسنت، بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ حضرت سیدنا امام عبد الرحمٰن سخاوی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے حوالہ سے درود پاک کی فضیلت کے متعلّق حدیث پاک نقل فرماتے ہیں: سرکار دو عالم، نور مجسم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "جس نے مجھ پر ایک بار درود پاک بھیجا اللہ کریم اس پر 10 رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر 10 بار درود پاک بھیجے اللہ کریم اس پر 100 رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر 100 بار درود پاک بھیجے اللہ کریم اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ بندہ نفاق اور دوزخ کی آگ سے بَری ہے اور قیامت کے دن اس کو شہیدوں کے ساتھ رکھے گا"۔

(المعجم الاوسط، باب المیم، من اسمه محمد، 252/5، الحدیث: 7235)

ہے سب دعاؤں سے بڑھ کر دعا درود و سلام
دفع کرتا ہے ہر اک بلا درود وسلام

(تکبر ص9)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## بیان سُننے کی نِیَّتیں

**میٹھی میٹھی اِسلامی بہنو! حُصُولِ ثواب کی خاطر بَیان سُننے سے پہلے اَچّھی اَچّھی نیّتیں کر لیتی ہیں۔ فَرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم "نِیَّۃُ الْمُؤمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ" مُسلمان کی نِیَّت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔** (اَلْمُعجَمُ الکبیر لِلطّبرانی ج ۶ ص ۱۸۵ حدیث ۵۹۴۲)

**دو مَدَنی پھول: جتنی اَچّھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔**

## بیان سُننے کی نِیَّتیں

موقع کی مناسبت اور نوعیت کے اعتبار سے نیتوں میں کمی، بیشی و تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆ اللہ کریم کی رضا پانے اور حصولِ ثواب کے لیے نگاہیں نیچی کئے خوب کان لگا کر سنوں گی ☆ ٹیک لگا کر بیٹھنے کے بجائے علمِ دین کی تعظیم کی خاطر جہاں تک ہو سکا دوزانو بیٹھوں گی ☆ضَرورَتاً سمٹ سرک کر دوسری اسلامی بہنوں کے لئے جگہ کشادہ کروں گی ☆ دھکا وغیرہ لگے تو صبر کروں گی، گھورنے، جھڑکنے اور الجھنے سے بچوں گی ☆ بیان سے نصیحت حاصل کروں گی۔ ☆ ذکر صالحین سے برکتیں لوٹوں گی۔ ☆ اللہ کی رحمت کی حق دار بنوں گی ☆ صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ، اُذْکُرُوا اللہ، تُوْبُوْا اِلَی اللہ وغیرہ سن کر ثواب کمانے اور مبلغہ کی دل جوئی کے لئے پست آواز سے جواب دوں گی ☆ سلام کے بعد خود آگے بڑھ کر سلام و مصافحہ اور انفرادی کوشش کروں گی۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

ارشاد باری ہے: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط﴾ ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔ (پ24، المؤمن:60)

تفسیر: اس آیت لفظ "اُدْعُوْنِیْ" کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد "دعا" ہے۔ معنٰی یہ ہوا کہ اے لوگو! مجھ سے دعا کرو میں اسے قبول کروں گا، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد "عبادت" ہے۔ معنٰی یہ ہوا کہ تم میری عبادت کرو میں تمہیں ثواب دوں گا۔ (تفسیر کبیر 350/13)

دعا ایک عظیم الشان عبادت ہے جس کی عظمت و فضیلت پر بکثرت آیاتِ کریمہ اور احادیثِ طیبہ وارد ہیں۔ دعا کی نہایت عظمت میں ایک حکمت یہ ہے کہ دعا اللہ کریم سے ہماری محبت کے اظہار اور اس کی ذات پاک پر ہمارے ایمان کا اقرار و ثبوت ہے۔

ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ کریم ہمارا خالق، مالک، رازق ہے۔۔ تمام عزتیں، عظمتیں، خزانے اسی کے پاس ہیں۔ساری مخلوق اسی کی بارگاہ کی محتاج اور اسی کے دربار میں سوالی ہے جبکہ وہ عظمتوں والا خدا بے نیاز، اور تمام حاجتوں سے پاک ہے، بخششیں فرماتا اور جود و کرم کے دریا بہاتا ہے۔ایک ایک فرد مخلوق کو اربوں خزانے عطا کر دے تب بھی اس کے خزانوں میں سوئی کی نوک برابر کمی نہ ہوگی اور کسی کو کچھ عطا نہ کرے تو کوئی اس سے چھین نہیں سکتا ہے۔وہ کسی کو دینا چاہے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا ہے اور وہ کسی سے روک لے، تو کوئی اسے دے نہیں سکتا۔

جب ہم دعا مانگتی ہیں تو اللہ کریم کے بارے میں یہی عقیدہ و ایمان ہمارے دل و دماغ میں شعوری یا لاشعوری طور پر موجود ہوتا ہے جب دعا اس قدر عظیم عقیدے کا اظہار ہے تو کیوں نہ اعلیٰ درجے کی عبادت بلکہ عبادت کا مغز قرار پائے۔اس تقریر کو سامنے رکھ کر دعا کے فضائل سنئے اور رحمتِ خداوندی پر جھومئے چنانچہ "دعا" کے فضائل کے متعلق چند احادیث کریمہ ملاحظہ فرمائیں :

- اللہ کریم کے نزدیک کوئی چیز دعا سے بزرگ تر نہیں۔(ترمذی5/243حدیث:3381)
- دعا مصیبت و بلا کو اترنے نہیں دیتی۔(مستدرک2/162،حدیث1856)
- دُعا مسلمانوں کا ہتھیار، دین کا ستون اور آسمان و زمین کا نور ہے۔(مستدرک2/162،حدیث1855)
- دعا کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔(ترمذی،5/318،حدیث:3551)
- دعا عبادت کا مغز ہے۔(ترمذی5/243،حدیث:2675)
- اللہ کریم دعا کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے(مسلم،ص1442،حدیث:2675)
- جو بلا اتر چکی اور جو نہیں اتری دعا ان سے نفع دیتی ہے۔(ترمذی،5/322،حدیث:3559)
- دعا رحمت کی چابی ہے۔(الفردوس،2/224،حدیث:3086)
- دعا قضا کو ٹال دیتی ہے۔(مستدرک،3/548،حدیث:6038)
- دعا بلا کو ٹال دیتی ہے۔(کنزالعمال،2/63،حدیث3121)
- جسے دعا کرنے کی توفیق دی گئی اس کے لئے رحمت کے دو دروازے کھول دئے گئے۔(ترمذی،11/459،حدیث:3471)
- مفسرین نے دعا قبول ہونے کی چند شرائط و آداب ذکر فرمائے ہیں، ان کا خلاصہ یہ ہے کہ
- دعا مانگنے میں اخلاص ہو۔
- دعا مانگتے وقت دل دعا کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف مشغول نہ ہو۔
- ناجائز و گناہ کی دعا نہ مانگی جائے۔
- دعا مانگنے والا اللہ کریم کی رحمت پر یقین رکھتا ہو۔
- اگر دعا کی قبولیت ظاہر نہ ہو تو وہ شکایت نہ کرے کہ میں نے دعا مانگی لیکن وہ قبول نہیں ہوئی۔

جب ان شرطوں کو پورا کرتے ہوئے دعا کی جاتی ہے تو وہ قبول ہوتی ہے لیہ ضروری نہیں کہ جو مانگا مل جائے بلکہ مانگنے پر کچھ نہ کچھ ملنے کا ظہور دوسری صورتوں میں بھی ہو سکتا ہے: مثلاً اس دعا کے مطابق گناہ معاف کر دیئے جائیں یا آخرت میں اس کے لئے ثواب ذخیرہ کر دیا جائے یا اصل مانگی ہوئی شئے کی جگہ اس سے بہتر چیز عطا کر دی جائے یا اس دعا میں مانگی ہوئی چیز بندے کی زیادہ ضرورت کے وقت تک مؤخر کر دی جائے۔

دعا مانگ کر نتیجہ اللہ کریم کے ذمہ کرم پر چھوڑ دینا چاہیے کہ رحمٰن و رحیم خدا ہمارے ساتھ وہی معاملہ فرمائے جو ہمارے حق میں بہتر ہے۔ قضائے الٰہی پر راضی رہنا بہت اعلیٰ مرتبہ ہے۔اور حقیقت میں ہمارے لئے یہی مفید تر ہے کیونکہ ہمارا علم ناقص ہے جبکہ خدا کا علم لامتناہی ہے۔ بارہا ہم اپنی کم علمی سے کوئی چیز مانگتی ہیں لیکن اللہ کریم اپنی مہربانی سے ہمیں منہ مانگی چیز نہیں دیتا کیونکہ وہ چیز ہمارے حق میں نقصان دہ ہوتی ہے مثلاً بندہ مال و دولت کی دعا کرتا ہے لیکن وہ اس کے ایمان کے لئے خطرناک ہوتی ہے یا آدمی تندرستی اور وعافیت کا سوال کرتا ہے لیکن علم الٰہی میں دنیا کی تندرستی آخرت کے نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ تو یقیناً ایسی دعا قبول نہ کرنا بندے کے حق میں زیادہ اچھا ہے۔ نبی کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دعائیں بہت جامع ہیں ان میں سے کچھ اپنے لئے منتخب کر لیں تو بہت عمدہ ہے۔ ایک جامع دعا یہ بھی ہو سکتی ہے کہ "اے اللہ! مجھے ایمان و تقویٰ صحت و عافیت، خوشبو اور خوشحالی والی لمبی زندگی عطا فرما۔ جان و مال، عزت اور اہل خانہ کے حوالے سے بُرے وقت اور آزمائش سے محفوظ فرما۔ عافیت کے ساتھ ایمان پر خاتمہ نزع میں آسانی، قبر و جہنم کے عذاب سے حفاظت، محشر کی گھبراہٹ سے امن اور جنت الفردوس میں بے حساب داخلہ عطا فرما۔ یہ سب دعائیں میرے ماں باپ، بچوں اور بہن بھائیوں کے حق میں قبول فرما

۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ والہ سلم

ہے تیرا فرمان اُدْعُونِی، ہے یہ دعا ہو قبر نہ سونی
جلوہ یار سے اس کو بسانا یااللہ میری جھولی بھر دے

(وسائلِ بخشش)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## دُعا کا طریقہ مصطفٰے نے سکھایا:

حضرت سیّدنا اَنَس رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ رسولُ اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ایک ایسے شخص کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے جو بہت کمزور ہو چکا تھا۔ نبیِّ کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس سے فرمایا: کیا تم اللہ پاک سے کوئی دُعا کرتے تھے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! میں یہ دُعا کرتا تھا: اے اللہ! اگر تو مجھے آخرت میں کوئی سزا دینے والا ہے تو وہ دنیا میں ہی دیدے۔ نبیِّ کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: سُبْحٰنَ اللہ! تم اسے برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، تم یوں کیوں نہیں کہتے: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ پھر آپ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس کے لئے دعا کی تو اللہ پاک نے اسے شفا عطا فرمادی۔

## دُعا کی اہمیت و فضیلت:

**میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!** دُعا کی اہمیت ہر مسلمان جانتا ہے۔ ہمیں اللہ پاک سے کیا، کن الفاظ سے، کس طرح مانگنا چاہئے اس کی اہمیت کا اندازہ بیان کردہ حدیث پاک سے لگایا جا سکتا ہے۔ ہمارا خالق و مالک کیسا کریم ہے کہ مانگنے والوں سے خوش ہوتا اور نہ مانگنے والوں پر غضب فرماتا ہے لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اللہ کریم سے اپنی حاجات اور خیر طلب کرتی رہیں۔ اللہ پاک سے خیر طلب کرنے کو "دُعا" کہتے ہیں او"دُعا" نہ صرف عبادت ہے بلکہ نبیِّ پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: **اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ** یعنی دُعا عبادت کا مغز ہے **اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَ عِمَادُ الدِّیْنِ وَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ** یعنی دُعا مؤمن کا ہتھیار، دِین کا سُتُون اور آسمان و زمین کا نُور ہے۔ دُعا ایسی عبادت ہے جو اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ گویا بندہ اللہ پاک سے ہم کلام ہے۔ دُعا کے ذریعے ہی بندہ اللہ کریم کی بارگاہ میں اپنی حاجات و ضروریات پیش کرتا ہے۔ دُعا بندے کو اپنے کریم ربّ کی جناب میں پہنچاتی، اس کے حضور عاجزی کرواتی اور اس کی عظمتوں کا اظہار کرواتی ہے۔ جسے دُعا کی توفیق دی گئی، اسے بہت بڑی خیر کی توفیق دی گئی اور اس کے لئے بھلائی کے دروازے کھول دیئے گئے اور جس کے لیے دُعا کا دروازہ بند ہو گیا اس کے لیے خیر و عافیت کا دروازہ بند ہو گیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

**میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!** آیئے قبولیت دعا کے اوقات کے بارے میں سننے کی سعادت حاصل کرتی ہیں۔

حضور نبی پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: "رات کے آخری تہائی حصے میں اللہ کریم آسمان دنیا پر اپنی خاص تجلّی فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے "ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کروں؟ ہے کوئی سوال کرنے والا کہ اسے عطا کروں؟ ہے کوئی بخشش کا طالب کہ اسے بخش دوں۔"

حضرت سیدنا یعقوب علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام (اپنے بیٹوں سے) جو کلام فرمایا تھا رب کریم نے اسے اپنے پاک کلام میں ذکر فرمایا:

**سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْؕ** پارہ13(یوسف98) ترجمہ کنزالایمان: جلد میں تمہاری بخشش اپنے رب سے چاہوں گا۔

اس سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مقصود بوقت سحر دعا کرنا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام سحر کے وقت کھڑے ہو کر دعا میں مشغول ہو گئے اور بیٹے آپ کے پیچھے آمین کہتے۔ تو اللہ نے وحی فرمائی کہ میں نے انہیں بخش دیا اور عہدہ نبوت سے سرفراز کیا۔

## قبولیت دعا کے اوقات:

﴿1﴾ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: "راہ خدا میں صف بندی، بارش اور فرض نماز ادا کرتے وقت آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، لہٰذا ان اوقات میں تم خوب دعا مانگا کرو۔"

﴿2﴾ حضرت سیدنا مجاھد رَحْمَةُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: "نمازیں بہترین اوقات میں فرض کی گئی ہیں، لہٰذا نمازوں کے بعد دعا مانگنا خود پر لازم کر لو۔"

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! سنا آپ نے اگر ہم نمازوں کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد دلجمعی کے ساتھ دعا مانگا کریں تو ضرور ہماری دعائیں قبول ہونگی بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ نماز تو پابندی سے پڑھتے ہیں مگر نماز کے بعد دعا مانگنے میں سستی کرتے ہیں آئیں ہم نیت کرتی ہیں کہ ہر فرض نماز پابندیِ وقت کے ساتھ ادا کریں گی بلکہ فرض نمازوں کے

ساتھ ساتھ نوافل کی پابندی کرنے کی کوشش کریں گی اے کاش! ہم تہجد، اشراق، چاشت، اوابین پڑھنے کی عادت بنالیں تاکہ ان نوافل کے بعد بھی دعائیں مانگنے کی سعادت نصیب ہو۔

آئیں اب قبولیت دعا کے ایک اور وقت کے بارے میں سماعت کرتی ہیں۔

مکتبۃ المدینہ کی کتاب فضائل دعا کے صفحہ نمبر 120 میں لکھا ہے (بدھ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان دعا قبول ہوتی ہے) الحمد للہ دعوت اسلامی کے سنتوں بھرے اجتماع اکثر شہروں میں بدھ کے دن منعقد ہوتے ہیں اور ظہر اور عصر کے درمیان دعا کا سلسلہ بھی ہوتا ہے جہاں جہاں بدھ کے دن اجتماعات ہوتے ہیں بالخصوص علم دین حاصل کرنے اور دعاؤں کے لئے اجتماع میں شرکت کو اپنا معمول بنالیجئے اِنْ شَآءَ اللہ علم دین کے ساتھ ساتھ بہت کثیر فوائد حاصل ہونگے۔ اور سنئے:

علماء فرماتے ہیں جہاں چالیس مسلمان جمع ہوں ان میں ایک (ولی اللہ) اللہ کا ولی ضرور ہو گا۔

(المعجم الکبیر، للطبرانی، الحدیث 502 ج 1 ص 190)

کتاب الفضائل دعا کے صفحہ نمبر 123 پر لکھا ہے جہاں مسلمان جمع ہوں وہاں دعا قبول ہوتی ہے۔

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! جہاں مسلمان جمع ہوں ان میں یہ ایک جگہ سنتوں بھرا اجتماع بھی ہے الحمد للہ سنتوں بھرے اجتماع میں اجتماعی دعا کی ترکیب ہوتی ہے تو کوشش کیجئے کہ ہر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شریک ہوں اور نہ صرف خود شریک ہوں بلکہ دوسری اسلامی بہنوں کو بھی نیکی کی دعوت دے کر اپنے ساتھ سنتوں بھرے اجتماع میں لے کر آئیں جتنی تعداد زیادہ ہوگی اتنی برکتیں اللہ نے چاہا تو نصیب ہوگی کہ مسلمانوں کا ایک جگہ جمع ہو کر دعا کرنا قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کے مزید فوائد سماعت کیجئے:

ایک شخص نے حضرت سیدنا حسن رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی خدمت میں دل کی سختی کی شکایت کی تو آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: "ذکر کی مجلسوں میں حاضر ہوا کرو"

## حکایت: محفل ذکر میں حاضر ہونے کی فضیلت:

حضرت سَیِّدَتُنا مسکینہ ان عورتوں میں سے تھیں جو ذکر کے حلقوں پر ہمیشگی اختیار کرتی تھیں، عمار زاہد نے انہیں خواب میں دیکھ کر کہا: "اے مسکینہ! خوش آمدید۔" انہوں نے کہا: "دور ہو! مسکینی چلی گئی، مالداری آگئی۔" عمار زاہد نے کہا: وہ کیسے؟ "جواب دیا: اس کے بارے میں کیا پوچھتے ہو جس کے لئے تمام کی تمام جنت مباح کردی گئی۔" پوچھا: یہ کس سبب سے ہوا؟ "جواب دیا: " اہل ذکر کی محفلوں میں بیٹھنے کی وجہ سے"

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! سنتوں بھرے اجتماعات درِ حقیقت اللہ کے ذکر ہی کی محافل ہیں۔ بعض مرتبہ ہم بہت دعائیں مانگ رہی ہوتی ہیں مگر دعائیں قبول نہیں ہو رہی ہوتیں، ہوسکتا ہے یہ گناہوں کی نحوست کی وجہ سے ہو، یاد رکھئے گناہ بھی دعاؤں کی قبولیت میں رکاوٹ کا سبب ہوتے ہیں جیسا کہ منقول ہے:

## چغل خوری کا وبال:

﴿1﴾ حضرت سیدنا کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں سخت قحط پڑ گیا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام بنی اسرائیل کی ہمراہی میں بارش کے لئے دعا مانگنے چلے لیکن بارش نہ ہوئی آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تین دن تک یہی معمول رکھا لیکن بارش پھر بھی نہ ہوئی۔ پھر اللہ کریم کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ اے موسیٰ! میں تمہاری اور تمہارے ساتھ والوں کی دعا قبول نہیں کروں گا کیونکہ ان میں ایک چغل خور ہے۔ حضرت سیدنا موسی کلیم اللہ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی: اے پروردگار وہ کون ہے تاکہ ہم اسے یہاں سے نکال دیں۔ اللہ کی طرف سے جواب ملا: "اے موسیٰ! میں تو بندوں کو اس سے روکتا ہوں۔" حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل کو حکم فرمایا کہ تم سب بارگاہ رب العزت میں چغلی سے توبہ کرو۔ جب سب نے توبہ کی تو اللہ کریم نے انہیں بارش عطا فرمادی۔

اس روایت میں ایک گناہ چغلی کا ذکر ہے۔ پیاری پیاری اسلامی بہنوں چغلی، غیبت، حسد، وعدہ خلافی، بدگمانی اور اس جیسے بہت سے گناہوں کی معلومات اور ان سے بچنے کے طریقے ان گناہوں کی پہچان یہ سب

دعوت اسلامی کے سنتوں بھرے اجتماع میں سننے کو ملتا ہے۔ ظاہر ہے جب گناہوں کی پہچان ہی نہیں ہوگی تو اس سے بچیں گی کیسے ؟ گناہ کو گناہ سمجھنے اس کا احساس دل میں پیدا کرنے توبہ کی طرف راغب ہونے کے لئے علم دین حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ ان شاء اللہ سنتوں بھرے اجتماع میں آتی رہیں گی تو گناہوں سے بچنے اور جو گناہ ہو چکے ان سے توبہ کی توفیق ملتی رہے گی علمِ دین حاصل کرنے کے بہت سے ذریعے ہیں ان میں سے ایک ذریعہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا مدنی مذاکرہ بھی ہے امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ ان مدنی مذاکرات میں مہلکات کی پہچان کرواتے ہیں (مہلکات یعنی باطنی امراض جیسے حسد، کینہ وغیرہ) اور منجیات (یعنی نجات دلانے والے امور) کے بارے میں بتاتے ہیں پھر ان سے بچنے کا طریقہ بھی نہایت سادہ الفاظ میں بیان کرتے ہیں کہ ایک عام فہم انسان بھی آسانی سے سمجھ لیتا ہے۔ اور بیان میں ایسی تاثیر ہوتی ہے کہ بندہ عمل کی طرف راغب ہوتا ہے اور نیک بننے کی کوششوں میں لگ جاتا ہے۔ نیت کیجئے ہر ہفتہ بعد نمازِ عشاء ہونے والا مدنی مذاکرہ توجہ کے ساتھ سنیں گی۔ ان شاء اللہ

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! آئیں قبولیتِ دعا کا ایک بہترین نسخہ اور اس سے ملنے والی مدنی بہار سماعت فرمائیں

## دعا کی قبولیت کا نسخہ:

کسی مریض کو شفاء نہ ہوتی ہو تو پہلے کچھ خیرات کر دیجئے پھر غیر مکروہ وقت میں دو رکعت نفل ادا کرکے گڑگڑا کر دعا مانگئے ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ "فضائلِ دعا" صفحہ 50 تا 60 پر ہے: ((قبولیت دعا کے آداب میں سے)): ادب ۵: دعا سے پہلے کوئی عملِ صالح (یعنی نیک عمل) کرے کہ خدائے کریم کی رحمت اس (دعا کرنے والے) کی طرف متوجہ ہو۔ صدقہ، خصوصاً پوشیدہ اس اَمر میں اثرِ تمام رکھتا ہے (یعنی بالخصوص چھپا کر خیرات کرنا دعا کی قبولیت میں بہت مؤثر ہے) (پارہ 28 **سورۃ المجادلہ** آیت نمبر 12 میں ہے

**فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةًؕ**

ترجمۂ کنزالایمان: اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو

(دعا سے قبل صدقہ دینا واجب نہیں مستحب ہے) **صَفحہ** 61 پر ہے: **ادب ۹:** وقتِ کراہت نہ ہو تو دو رکعت نماز خلوص قلب سے پڑھیں کہ جالبِ رحمت (یعنی رحمت کا سبب) ہے اور رحمت، موجبِ نعمت۔ (12 وقتوں میں نوافل پڑھنا منع ہے ان 12 اوقات کی تفصیل مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب **فضائل دعا** صَفحہ 61 تا 62 پر حاشیہ میں دیکھ لیجئے

## ناکارہ گردوں کا علاج ہوگیا:

باب المدینہ کراچی کی ایک "شخصیت" کو یرقان (پیلیا) ہو گیا، پیٹ میں پانی بھر گیا، گردے بھی فیل ہو گئے اور بیہوشی چھا گئی، بہت بڑا آدمی تھا اور ماں باپ کا اکلوتا (یعنی ایک ہی بیٹا) اور ان بڑھیپے کا سہارا بھی یہی تھا، کہرام مچ گیا 18 ڈاکٹر دیکھ کر چلے گئے، سبھی نے لاعلاج قرار دیا، انیسواں ڈاکٹر آیا، اس نے اس کے والدین کو بتایا کہ طریقۂ علاج میں ایک کمی ہے۔ اور وہ آپ ہی پوری کر سکتے ہیں، مجھے امید ہے اللہ کی رحمت ہو جائے گی۔ حسبِ توفیق صدقہ یعنی خیرات کر دیجئے پھر دو رکعت نفل ادا کر کے گڑگڑا کر دعا مانگیے۔ خیرات، نوافل اور دعا کی ترکیب شروع کر دی گئی والدین تین دن تک گڑگڑا کر اپنے بیٹے کی صحت کی بارگاہ الٰہی میں بھیک مانگتے رہے، تیسرے دن الحمد للہ گردوں نے کام کرنا شروع کر دیا، یرقان اور پیٹ کے پانی میں کمی آنی شروع ہوئی اور ایک ہفتے کے اندر اندر حیرت انگیز طور پر مریض بالکل صحت یاب ہو گیا۔

شفاء دے الٰہی شفاء دے الٰہی
گناہ کے مرض کو مٹا دے الٰہی

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! آیئے دعا مانگنے کا ایک اور طریقہ سماعت کرتی ہیں۔

اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ٘ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُؕ بِیَدِكَ الْخَیْرُؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾

(پ3 ،سورہ آل عمران:26)

**ترجمہ کنز الایمان:** یوں عرض کر، اے اللہ! ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور جسے چاہے عزت دے، اور جسے چاہے ذلت دے، ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے، بیشک تو سب کچھ کر سکتا ہے۔

## دعا مانگنے کا طریقہ:

اس آیتِ کریمہ (سورۃ آل عمران :26)سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: جیسی دعا مانگنی ہو، رب کو اسی نام سے پکارنا چاہیے، رزق مانگنے کے لئے اسے رزاق کہو، شفا مانگنے کے وقت شَافِیُ الْاَمْرَاض (امراض سے شفاء دینے والے) کہہ کر پکارو، بندوں کی حاجتیں بہت ہیں، اس لئے ربّ کے نام بھی بہت ہیں۔ چونکہ یہاں ملک کی دعا کرائی گئی تھی اس لیے ربّ کو مٰلك الملك (ملک کے مالک) کہہ کر پکارا۔ دنیا کا بھی طریقہ ہے کہ جب فقیر کسی دروازے پر بھیک مانگنے جاتا ہے تو گھر والے کو سخی داتا کہہ کر پکارتا ہے، کیونکہ سخاوت چاہنے کے لئے آیا ہے اور جب جرنیل کسی فوج کو جنگ کی تربیت دیتا ہے تو کہتا ہے۔ اے میرے بہادروں!۔ دوسرا فائدہ: رب کی حمد و ثناء بھی درپردہ (پوشیدہ طور پر) دعا ہے، دیکھو! یہاں ملک مانگنا مقصود تھا مگر صاف نہ کہا گیا، بلکہ اس کی یوں تعریف کر دی کہ تو جسے چاہے ملک دے اور جس سے چاہے چھین لے، یہاں خیال رہے کہ قرآن کریم میں دعا کے 4 طریقوں کی تعلیم ہے:(۱) صراحتاً (واضح طور پر) مانگنا (۲) صرف اپنی حاجت کا ذکر کرنا (۳) مانگنے کے الفاظ نہ ہوں، ربّ کریم کی حمد و ثناء کرنا (۴) اس کے محبوب (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر درود پڑھنا یہ چاروں طریقے فطرت کے مطابق ہیں۔ غنی کے دروازے پر جب صدا دیتے ہیں تو (۱) کبھی صاف صاف لفظوں سے مانگتے ہیں (۲) کبھی اپنا فقر و فاقہ بیان کرتے ہیں، بھوکا ہوں، مسافر ہوں (۳) کبھی مالک کی تعریف کرتے ہیں، آپ سخی ہیں، داتا ہیں (۴) کبھی مالک کے بچوں کو دعائیں دیتے ہیں، خانہ گھر آباد (ہو)، دولت زیادہ (ہو)، بال بچے شاد (خوش رہیں) یہی طریقے ربّ سے دعا مانگنے کے ہیں جن کی روایات موجود ہیں۔ یہاں تیسرا طریقہ ارشاد ہوا کہ ربّ سے ملک، عزت، خیر، سب کچھ مانگا، مگر طلب کا صیغہ (لفظ) نہیں آیا۔ صرف رب کی ثناء کی، اس طرح کہ "مانگ" خود بخود آگئی۔
(تفسیر نعیمی، 3/338)

## کتاب آدابِ دُعا کا تعارف:

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! الحمد للہ دعوت اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ نے دعا مانگنے سے متعلق ایک بہترین رسالہ آدابِ دُعا شائع کیا ہے اس رسالے میں کیا کیا ہے دعا مانگنے کا طریقہ، دعا کی اہمیت و فضیلت، دعا سے پہلے کی اچھی نیتیں، دعا کے آداب، دعا میں الفاظ کا انتخاب، دعا میں ہاتھ اٹھانے کا طریقہ کن باتوں کی دعا کرنا منع ہے اللہ کریم کو کن ناموں سے پکارنا چاہیے۔ امیر اہلسنت کی دعائیں جو آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے مختلف مواقع پر مانگی اس کے علاوہ 40 قرآنی دعائیں اور بھی بہت کچھ اس وقت بستے پر موجود ہیں اس کتاب کو دعوت اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net سے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ آؤٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔ اسے ضرور خرید فرمائیں اور مطالعہ کریں ان شاء اللہ دعا کرنی آجائیگی اور دعا کے بارے میں بہت مفید معلومات بھی ملیں گی۔ (مبلغہ ہاتھ میں لیکر زیارت کرواتے ہوئے اس کا تعارف پیش کرے)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیاری پیاری اسلامی بہنو! بیان کے شروع میں بتایا گیا کہ

- اللہ کریم کے نزدیک کوئی چیز دعا سے بزرگ تر نہیں۔ (ترمذی 5/243 حدیث: 3381)
- دعا مصیبت و بلا کو اترنے نہیں دیتی۔ (مستدرک 2/162، حدیث 1856)
- دُعا مسلمانوں کا ہتھیار، دین کا ستون اور آسمان و زمین کا نور ہے۔ (مستدرک 2/162، حدیث 1855)
- دعا کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ (ترمذی، 5/318، حدیث: 3551)
- دعا عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی 5/243، حدیث: 2675)
- اللہ کریم دعا کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے۔ (مسلم، ص 1442، حدیث: 2675)
- جو بلا اتر چکی اور جو نہیں اتری دعا ان سے نفع دیتی ہے۔ (ترمذی، 5/322، حدیث: 3559)
- دعا رحمت کی چابی ہے۔ (الفردوس، 2/224، حدیث: 3086)
- دعا قضا کو ٹال دیتی ہے۔ (مستدرک، 3/548، حدیث: 6038)
- دعا بلا کو ٹال دیتی ہے۔ (کنز العمال، 2/63، حدیث 3121)
- جسے دعا کرنے کی توفیق دی گئی اس کے لئے رحمت کے دو دروازے کھول دئے گئے۔ (ترمذی، 11/459، حدیث: 3471)

تو جب دعا کے اتنے کثیر فوائد ہیں تو ہونا تو یہ چاہیے کہ ہمارا ہر کام دعا سے شروع ہو ہمارے دن اور رات دعاؤں میں گزریں اور ایسا ممکن ہے، قرآن اور حدیث میں ہمارے لئے کتنی دعائیں وارد ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

(1)سوتے وقت کی دعا،(2)نیند سے بیدار ہونے کی دعا،(3)بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا،(4)بیت الخلاء سے باہر آتے وقت کی دعا،(5)وضو سے پہلے کی دعا، بعد کی دعا، درمیان کی دعا،(6)کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعائیں۔(7)گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعا۔(8)بازار کی دعا،(9)آئینہ دیکھتے وقت کی دعا،(10)لباس کی دعا،(11)علم میں اضافے کی دعا،(12)مرغ کی بانگ سن کر پڑھنے والی دعا،(13)سرمہ لگاتے وقت کی دعا،(14)تیل لگاتے وقت کی دعا،(15)سواری کے وقت کی دعا،(16)نظر بد کی دعا، (17)جل جانے پر پڑھنے والی دعا ،(18)سخت خطرے کے وقت کی دعا۔ (19)مصیبت کی دعا،(20)تعزیت کی دعا حتیٰ کے کفن پر لکھنے کی دعا اور بھی کثیر دعائیں ہیں کہ ان سب کا ذکر نا ممکن نہیں تو یہ دعائیں یاد کیجئے، اور ہر کام ہر وقت کی دعا کو اس کے وقت پر پڑھنے کا معمول بنایئے ان شاء اللہ دعا مانگنے کے جو فضائل ہم نے سنے حاصل ہونگے۔ الحمد للہ سنتوں بھرے اجتماع میں ہر ہفتے ایک دعا یاد بھی کرائی جاتی ہے جو اسلامی بہنیں پابندی سے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرتی ہیں ان کو اللہ کے فضل سے یہ دعائیں یاد ہونا شروع ہو جاتی ہے غرض یہ کہ علمِ دین کی مجلس میں شامل ہونا، توجہ سے سننا سب خیر ہی خیر ہے۔ اللہ کریم ہمیں اخلاص کے ساتھ دعائیں کرنے، دعا کے آداب کے مطابق دعائیں کرنے اور اپنا ہر جائز کام دعا کے ساتھ کرنے کی سعادت نصیب کرے آمین۔

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! آئیں سنتوں بھرے اجتماع کی ایک مدنی بہار ملاحظہ فرمائیے۔

باب المدینہ (کراچی) کی ایک اسلامی بہن کے بیان کا خلاصہ ہے کہ دعوت اسلامی کی کچھ اسلامی بہنیں نیکی کی دعوت دینے کے لئے ہمارے گھر آیا کرتیں، وہ مجھ پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور مدنی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کی دعوت پیش کرتیں مگر میں سستی کے باعث اس سعادت سے محروم رہتی۔ ایک دن اچانک میرے بیٹے کی طبیعت خراب ہوگئی، ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ یہ بچہ شاید عمر بھر ٹانگوں کے سہارے چل نہ سکے، اور اس کا دماغی توازن بھی ٹھیک نہیں رہا۔ یہ سن کر میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی! ہر ماں کی طرح مجھے بھی اپنے بیٹے سے بہت محبت تھی، اس صدمے نے مجھے نیم جان کر دیا۔ کچھ دن اسی حالت میں گزر گئے۔ ایک دن پھر وہی اسلامی بہنیں نیکی کی دعوت کے لئے آئیں۔ انہوں نے میرے چہرے پر پریشانی کے آثار دیکھے تو غم خواری کرتے ہوئے پوچھا: "خیریت تو ہے آپ پریشان دکھائی دے رہی ہیں؟" میں نے انہیں سارا ماجرا کہہ سنایا تو انہوں نے مجھے بہت حوصلہ دیا اور کہا کہ آپ دعوت اسلامی کے 12 ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں پابندی سے شرکت کیجئے اور وہاں پر اپنے بچّے کے لئے دعا بھی مانگئے، ان شاء اللہ آپ کا بیٹا صحت یاب ہو جائے گا۔ چنانچہ میں نے 12 اجتماعات میں شرکت کی نیت کر لی۔ جب میں پہلی مرتبہ سنتوں بھرے اجتماع میں شریک ہوئی اور جب وہاں رقّت انگیز دعا ہوئی تو میں نے بھی اپنے رب سے اپنے لختِ جگر کی صحت یابی کے لئے گڑ گڑا کر دعا مانگی۔ اجتماع کے بعد جب گھر واپس آئی تو مجھے اپنے بیٹے کی طبیعت پہلے سے بہتر دکھائی دی۔ الحمد للہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ میرا بیٹا مکمل صحت یاب ہوگیا۔ یوں ڈاکٹروں کے اندیشے غلط ثابت ہوئے اور سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی برکت سے میرا بیٹا چلنے پھرنے بھی لگا۔ الحمد للہ اب ہمارا سارا گھرانہ مدنی ماحول سے وابستہ ہے۔

مرے غوث کا وسیلہ رہے شاد سب قبیلہ
انہیں خلد میں بسانا مدنی مدینے والے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! دیکھا آپ نے! سبحٰن اللہ سنتوں بھرے اجتماع کی برکت سے کس طرح مَن کی مرادیں بر آتی ہیں! امیدوں کی سوکھی کھیتیاں ہری ہو جاتی ہیں، دلوں کی پژمردہ کلیاں کھل اٹھتی ہیں، مگر یہ ذہن میں رہے کہ ضروری نہیں ہر ایک کی دلی مراد لازمی ہی پوری ہو۔ بارہا ایسا ہوتا ہے کہ بندہ جو طلب کرتا ہے وہ اس کے حق میں بہتر نہیں ہوتا اور اس کا سوال پورا نہیں کیا جاتا۔ اس کی منہ مانگی مراد نہ ملنا ہی اس کے لئے انعام ہوتا ہے مثلاً یہی کہ کوئی اولادِ نرینہ مانگتا ہے مگر اس کو مدنی منیوں سے نوازا جاتا ہے اور یہی اس کے حق میں بہتر بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ پارہ دوسرا سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 216 میں رب العباد کا ارشاد حقیقت بنیاد ہے:

عَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَیْــٴًـا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ (پ2البقرۃ216) ترجمہ کنزالایمان: قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں پسند آئے اور وہ تمہارے حق میں بُری ہو۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

آئیں بیان کو اختتام کی طرف لاتے ہوئے دعا مانگنے کے 17 مدنی پھول سماعت کریں۔

## دعا مومن کا ہتھیار ہے ”کے سترہ حروف کی نسبت سے دعا مانگنے کے 17 مدنی پھول:

﴿1﴾ ہر روز کم از کم بیس بار دعا کرنا واجب ہے۔ الحمد للہ نمازیوں کا یہ واجب، نماز میں سورۃ الفاتحہ سے ادا ہو جاتا ہے کہ اهدنا الصراط المستقیم (ترجمہ کنزالایمان: ہم کو سیدھا راستہ چلا) بھی دعا ہے (ص123) ﴿2﴾ دعا میں حد سے نہ بڑھے۔ مثلاً: انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مرتبہ مانگنا یا آسمان پر چڑھنے کی تمنا کرنا۔ نیز دونوں جہان کی ساری بھلائیاں اور سب کی سب خوبیاں مانگنا بھی منع ہے کہ ان خوبیوں میں مراتب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی ہے جو نہیں مل سکتے (ص80، 81) ﴿3﴾ جو محال (یعنی ناممکن) یا قریب بہ محال ہو اس کی بھی دعا نہ مانگے۔ لہذا ہمیشہ کے لئے تندرستی عافیت مانگنا کہ آدمی عمر بھر کبھی کسی طرح کی تکلیف میں نہ پڑے یہ محال عادی کی دعا مانگنا ہے۔ لمبے قد کے آدمی کا چھوٹا قد ہونے یا چھوٹی آنکھ والے کا بڑی آنکھ کی دعا کرنا ممنوع ہے کہ یہ ایسے امر کی دعا ہے جس پر قلم جاری ہو چکا ہے (ص 81) ﴿4﴾ گناہ کی دعا نہ کرے کہ مجھے پرایا مال مل جائے کہ گناہ کی طلب کرنا بھی گناہ ہے۔ (ص82) ﴿5﴾ قطع رحم (مثلاً فلاں رشتے داروں میں لڑائی ہو جائے) کی دعا نہ کرے (ص82) ﴿6﴾ اللہ سے صرف حقیر چیز نہ مانگے کہ پروردگار غنی ہے بلکہ اپنی تمام توجہ اسی کی طرف رکھے اور ہر چیز کا اسی سے سوال کرے (ص84) ﴿7﴾ رنج و مصیبت سے گھبرا کر اپنے مرنے کی دعا نہ کرے۔ خیال رہے کہ دنیوی نقصان سے بچنے کے لئے موت کی تمنا ناجائز ہے اور دینی مضرّت (یعنی نقصان) کے خوف سے جائز۔ (ص87، 85) ﴿8﴾ بلا ضرورت شرعی کسی کے مرنے اور خرابی (بربادی) کی دعا نہ کرے، البتہ اگر کسی کافر کے ایمان نہ لانے پر یقین یا ظن غالب ہو اور (اس کے) جینے سے دین کا نقصان ہو یا کسی ظالم سے توبہ اور ظلم چھوڑنے کی امید نہ ہو اور اس کا مرنا، تباہ، ہونا مخلوق کے حق میں مفید ہو تو ایسے شخص پر بددعا کرنا درست ہے (ص87) ﴿9﴾ کسی مسلمان کو یہ بددعا نہ دے کہ تو کافر ہو جائے کہ بعض علماء کے نزدیک (ایسی دعا مانگنا) کفر ہے اور تحقیق یہ ہے کی اگر کفر کو اچھا یا اسلام کو بُرا جان کر کہے تو بیشک کفر ہے ورنہ بڑا گناہ ہے کہ مسلمان کی بدخواہی (یعنی بُرا چاہنا) حرام ہے، خصوصاً یہ بدخواہی (کہ فلاں کا ایمان برباد ہو جائے) تو سب بدخواہیوں سے بدتر ہے (ص90) ﴿10﴾ کسی مسلمان پر لعنت نہ کرے اور اسے مردود ملعون نہ کہے اور جس کافر کا کفر پر مرنا یقینی نہیں اس پر بھی نام لے کر لعنت نہ کرے (ص90) ﴿11﴾ کسی مسلمان کو یہ بددعا نہ دے کہ تجھ پر خدا کا غضب نازل ہو اور تو آگ یا دوزخ میں داخل ہو۔" کہ حدیث شریف میں اسکی ممانعت وارد ہوئی ہے (ص100) ﴿12﴾ جو کافر مرا اس کے لئے دعائے مغفرت حرام و کفر ہے (ص100) ﴿13﴾۔ یہ دعا کرنا "خدایا! سب مسلمانوں کے سب گناہ بخش دے۔" جائز نہیں کہ اس میں ان احادیث مبارکہ کی تکذیب (یعنی جھٹلانا) ہوتی ہے جن میں بعض مسلمانوں کا دوزخ میں جانا وارد ہوا (106) البتہ یوں دعا کرنا کہ ساری امتِ محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مغفرت یعنی بخشش ہو یا سارے مسلمانوں کی مغفرت ہو جائز ہے۔ ص103) ﴿14﴾ اپنے لئے اور اپنے دوست احباب، اہل و مال اور اولاد کے لئے بددعا نہ کرے، کیا معلوم کہ قبولیت کا وقت ہو اور بددعا کا اثر ظاہر ہونے پر ندامت ہو (ص107)

﴿15﴾ جو چیز حاصل ہو (یعنی اپنے پاس موجود ہو) اس کی دعا نہ کرے مثلاً مرد یوں دعا نہ کرے "یا اللہ مجھے مرد کر دے" کہ استہزاء (مذاق بنانا) ہے۔ ﴿16﴾ دعا میں تنگی نہ کرے مثلاً یوں نہ مانگے یا اللہ تنہا مجھ پر رحم فرما یا صرف مجھے اور میرے فلاں فلاں دوست کو نعمت بخش (ص109) بہتر یہ ہے کہ سب مسلمانوں کو دعا میں شامل کرلے اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر خود اس نیک بات کا حقدار نہ بھی ہوا تو اچھے مسلمانوں کے طفیل پالے گا ﴿17﴾ حجۃ الاسلام حضرت سیدنا امام محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: مضبوط عقیدے کے ساتھ دعا مانگنے اور قبولیت کا یقین رکھے ۔(احیاء العلوم ج1 ص770)۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# متفرق روحانی علاج

**مدنی پھول:** درج ذیل روحانی علاج بیان کرنے کے ساتھ ساتھ چند بار تکرار کروا کر یاد بھی کروائے جائیں۔

دورانیہ: 08منٹ

## (2)نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے کے لیے 2 روحانی علاج

(i)"یَاشَهِیْدُ" صبح (طلوعِ آفتاب سے پہلے پہلے) نافرمان بچے یا بچی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے جو 21بار پڑھے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا وہ بچہ یا بچی نیک بنے (مدت تا حصولِ مراد)

(زندہ بیٹی کنویں میں ڈال دی ص 31)

i. یَا لَطِیْفُ بیٹیوں کے نصیب کھلنے اور امراض سے صحت اور مشکلات سے نجات کے لئے ہر روز تحیتہ الوضو کے بعد 100 بار پڑھ لیا کرے۔ (مدنی پنج سورہ صفحہ 250)

ii. یَا قَھَّارُ 100 بار اگر کوئی مصیبت آپڑے تو پڑھئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ مشکل آسان ہو گی۔

(مدنی پنج سورہ صفحہ 248)

iii. یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اس کی کثرت سے خوش حالی نصیب ہو گی۔ اس کے ساتھ دعا کرنے سے دعا مقبول ہو گی۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ (مدنی پنج سورہ صفحہ نمبر 257)

iv. روزانہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہ 60 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لینے کا معمول بنالیں دیگر پریشانیوں کے ساتھ غم بھی دور ہو گا۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ (مدنی مذاکرہ 23 رمضان المبارک 1439)

v. دکان یا مکان یا مال و اسباب پر روزانہ یَااَللّٰہُ 49 بار پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ مختلف نقصانات سے حفاظت ہو گی۔ (مینڈک سوار بچھو صفحہ 26)

### vi. گمشدہ انسان، گاڑی اور مال واپس ملے..

اللہ رب العزت کی رحمت پر مضبوط بھروسے کے ساتھ چلتے پھرتے، وضو بے وضو زیادہ سے زیادہ تعداد میں یَا رَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پڑھتے رہئے۔ اسی دوران چند بار درود شریف بھی پڑھ لیجئے۔ گمشدہ انسان، سونا، مال، گاڑی وغیرہ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ مل جائیں گے۔ بلکہ دیگر حاجات کیلئے بھی یہ عمل مفید ہو گا۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ (مینڈک سوار بچھو صفحہ 21)

vii. یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ 321 بار پڑھ کر حسب توفیق کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کر دیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ مراد پوری ہو گی۔ (مینڈک سوار بچھو صفحہ 22)

### viii. مختلف بیماریوں اور پیشانیوں کا روحانی علاج..

جسمانی، نفسیاتی، مختلف بیماریوں، ٹینشن، ڈپریشن، اثرات، جادو، نظر بد، اور بندش وغیرہ کے لئے ایک عجیب الاثر عمل ہے۔ تمام گھر والے اگر یہ عمل کرتے رہیں تو اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ گھریلو ناچاقیوں اور پریشانیوں سے نجات ملے، گھر امن کا گہوارہ بنے۔

فجر کی دو سنتوں میں سورۃ الفاتحہ کے بعد قرآن کریم کی آخری چھ سورتیں اس طرح پڑھئے: پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھئے، ہر سورت کے ابتداء میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پڑھئے (مدت تا حصول شفاء) کبھی کبھی یہ سورتیں ترک کر کے کوئی اور سورت پڑھ لیجئے۔

(مینڈک سوار بچھو صفحہ نمبر 27)

(ii) لڑکے / لڑکی کے رشتے میں رکاوٹ ہو یا اس میں بندش کا شبہ ہو تو روزانہ نمازِ فجر باوضو ہر بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے ساتھ سُوْرَۃُ التِّیْن 60 مرتبہ پڑھے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ 40 دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔ (مینڈک سوار بچھو ص 24)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اجتماع دعائے حاجات

# والے دن کے اعلانات

﴾1﴿ معمول کے اعلانات میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات بیان کئے جائیں۔

الحمد للہ عزوجل ! جیسا کہ دعوت اسلامی کے زیر اہتمام" **اجتماع دعائے حاجات** " میں حاضر ہیں۔

**پیاری اسلامی بہنو!** جب کسی کا بچہ بیمار ہو جائے، کوئی بے روز گار یا قرضدار ہو جائے، حادثے کا شکار ہو جائے، چور یا ڈاکو مال لے کر فرار ہو جائے، کاروبار میں نقصان سے ہمکنار ہو جائے کوئی چیز گم ہو جانے کے سبب بے قرار ہو جائے، الغرض کسی طرح کی بھی پریشانی سے دوچار ہو جائے، اُس کی دلجوئی کرنا، اسے تسلی دینا بہت بڑے ثواب کا کام ہے۔ چنانچہ حُسنِ اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، رسولِ انور، محبوب رب اکبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا ارشادِ روح پرور ہے: جو کسی غمزدہ شخص سے تعزیت کرے گا، اللہ عزوجل اُسے تقوی کا لباس پہنائے گا اور روحوں کے درمیان اس کی روح پر رحمت فرمائے گا اور جو کسی مصیبت زدہ سے تعزیت کرے گا، اللہ عزوجل اسے جنت کے جوڑوں میں سے دو ایسے جوڑے پہنائے گا، جن کی قیمت (ساری) دنیا بھی نہیں ہو سکتی۔ (المعجم الاوسط، ج۶، ص۴۲۹، الحدیث ۹۲۹۲)

**(6 تا 9 اگست 2016 شوری کا مدنی مشورہ)**

آیئے! نیت کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ پریشان حالوں کی غم خواری کر کے خوب خوب اجر و ثواب حاصل کریں گے۔

﴾2﴿ جو اسلامی بہنیں پریشانی و آفات میں مبتلا ہیں وہ ان کے حل کے لئے قریبی تعویذاتِ عطاریہ کے بستے سے تعویذات حاصل فرمائیں اور اس کے ساتھ ساتھ دعوت اسلامی کی ویب سائٹ پر "آن لائن کاٹ" اور "آن لائن استخارہ" کے ذریعے بھی فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ ( تعویذاتِ عطاریہ کے بستے کا ایڈریس بھی بتایا جائے)

﴾3﴿ گھر کے محارم کو 3 دن / 12 دن / ایک ماہ کے مدنی قافلے میں سفر کرنے کی ترغیب دلایئے۔ الحمد للہ عزوجل مدنی قافلے میں سفر کی برکت سے دعائیں قبول ہوتیں، مصیبتیں، آفات، بلائیں ٹلتیں، بیماریاں، بے روزگاریاں، گھریلو ناچاقیاں دور ہوتی ہیں۔

﴾4﴿ پیاری اسلامی بہنو! آج کے **دعائے حاجات** اجتماع کے اعتبار سے مشکلات کے حل کے روحانی علاج اور وظائف سے متعلق کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ پر موجود ہیں۔

الحمد للہ عزوجل ! ☆ مدنی پنجسورہ ☆ گھریلو علاج ☆ تنگدستی اور اس کے اسباب ☆ چڑیا اور اندھا سانپ ☆ زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆ بیمار عابد ☆ 40 روحانی علاج ☆ مینڈک سوار بچھو ☆ یہ وقت بھی گذر جائے گا۔ (مدینہ ! مذکورہ رسائل کی زیارت بھی کروائی جائے اور اس کا ہدیہ بھی بتایا جائے نیز خریدنے کی ترغیب بھی دلائی جائے)

﴾5﴿ پیاری اسلامی بہنو! آج چونکہ کثیر اسلامی بہنیں اس **دعائے حاجات** اجتماع میں موجود ہیں ہو سکتا ہے کہ آپ میں سے کوئی آج پہلی بار تشریف لائی ہوں آیئے ہم سب نیت کر لیتے ہیں کہ کم از کم 12 ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کریں گے۔۔۔

**ان شآء اللہ عزوجل**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# پریشان حالوں کے لئے دعائیہ اشعار

﴿1﴾ غمِ حیات ابھی راحتوں میں ڈھل جائیں
تری عطا کا اشارہ جو ہو گیا یارب
(وسائل بخشش ص76)

﴿2﴾ زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے
پئے شاہِ مدینہ دور ہوں رنج و اَلَم مولیٰ
(وسائل بخشش ص99)

﴿3﴾ رسول پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر
مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ
(وسائل بخشش ص99)

﴿4﴾ حسین ابن حیدر کے صدقے میں مولیٰ
ٹلیں آفتیں سب کی سب یا الٰہی

﴿5﴾ زمانے کی فکروں سے آزاد کر دے
مٹا غم عطا کر طَرَب یا الٰہی
(وسائل بخشش ص111)

﴿6﴾ مجھے دونوں عالم کی خوشیاں عطا ہوں
مٹا زمانے کے غم یا الٰہی
(وسائل بخشش ص111)

﴿7﴾ سائل ہوں میں تیری ولاء کا
پھیر دے رخ ہر رنج و بلا کا
واسطہ شاہِ کرب و بلا کا
یا اللہ میری جھولی بھر دے
(وسائل بخشش ص122)

﴿8﴾ وہ کہ آفات میں مبتلا ہیں
جو گرفتارِ رنج و بلا ہیں
فضل سے ان کو صبر و رضا کی
میرے مولیٰ تو خیرات دے دے
(وسائل بخشش ص122)

﴿9﴾ ہر طرف سے بلاؤں نے گھیرا
آفتوں نے لگایا ہے ڈیرا
تو ہی اب میرا حاجت روا ہے
یا خدا تجھ سے میری دعا ہے